# یہ مال و دولتِ دنیا یہ رشتہ و پیوند



ڈاکٹر سلیم خان

ارشادِ ربانی ہے :"اور اپنے ہاتھوں سے خود کو ہلاکت میں نہ ڈالو"۔ زندگی اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ ایک بیش قیمت نعمت ہے۔ اس مدتِ کار میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے احکامات کی تابعداری کرکے اور منکرات سے بچ کر انسان خود کو جنت الفردوس کا حقدار بنا سکتا ہے۔ اس امانت کو نقصان پہنچانا یا اسے ختم کرنا اللہ تبارک کی نافرمانی اور کفرانِ نعمت ہے۔ مشکلات ومصائب زندگی کا صبر و توکل کے ساتھ مقابلہ کرنا چاہیے۔ بندۂ مومن مشکلات میں اللہ کی مدد سے نکلنے کی سعی کرتا ہے۔ وہ راہِ فرار اختیار کرکے خودکشی کی جانب مائل نہیں ہوتا۔ خودکشی کی ممانعت میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "جو شخص خودکشی کرتا ہے، وہ قیامت کے دن اسی حالت میں اٹھایا جائے گا جس حالت میں اس نے خودکشی کی تھی۔ نیز تشریح فرمائی: "جس شخص نے پہاڑ سے گر کر خودکشی کی، وہ جہنم میں ہمیشہ کے لئے اسی طرح گرتا رہے گا، اور جس نے زہر پی کر خودکشی کی، وہ جہنم میں ہمیشہ زہر پیتا رہے گا، اور جس نے خود کو کسی آلے سے مارا، وہ جہنم میں ہمیشہ اسی آلے سے خود کو مارتا رہے گا"۔

وشوگرو بننے کا خواب دیکھنے والا ہندوستان خودکشی کے معاملے میں سب سے آگے ہے۔ نیشنل کرائم ریکارڈ بیورو کے مطابق 2022 میں بھارت کے اندر 71.1 لاکھ افراد نے خودکشی کی۔ مودی یگ میں خودکشی کے پچھلے سارے ریکارڈ ٹوٹ گئے۔ ان واقعات میں 42 فیصد خاندانی مسائل، شادی بیاہ اور عشق ومحبت سے متعلق ہیں اور مرنے والے 75 فیصد مرد ہیں۔ ان اعداد وشمار کی روشنی میں اتل سبھاش مودی نامی 34 سالہ نوجوان کی خودکشی پر غور ہونا چاہیے۔ اس نے آئی آئی ٹی سے تعلیم حاصل کی تھی اور اے آئی جیسے جدید شعبے میں زیرِ ملازمت تھا۔ اس نے اپنی پسند سے پانچ سال قبل نکیتا سنگھانیا سے شادی کی جو ایک بہت بڑی ملٹی نیشنل کمپنی میں ملازمت کرتی ہے۔ ایک سال میں انہیں اولادِ نرینہ مل گئی لیکن پھر ان کے تعلقات کشیدہ ہوئے یہاں تک کہ اتل سبھاش کو خودکشی کرنی پڑی۔

اتل سبھاش نے موت سے قبل جو ویڈیو بنائی اس کو سن کر پتہ چلتا ہے کہ اس خودکشی کی واحد وجہ اسلامی ازدواجی قوانین کو ظالمانہ کہہ کر نظر انداز کرنے کے بعد آئینی تصفیہ کی کوشش ہے۔ ہندوستان کی قدیم تہذیب میں شادی سات جنموں کے لیے ہوجاتی ہے اور عیسائی عقیدے کے مطابق یہ رشتے آسمان پر طے پاتے ہیں۔ اس لیے طلاق کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ یہ چونکہ ایک ناگزیر ضرورت ہے اس لیے بلکہ مغربی طریقہ کار اپنا کر نکیتا نے اپنے شوہر اتل پر ظلم کیا اور بعد میں اس نے خودکشی کرکے خود کو ہلاک کردیا۔ اس رسہ کشی کے نتیجے میں ان کا بیٹا یتیمی کا شکار ہوگیا۔ فرمانِ قرآنی ہے: "اے نبی (لوگوں سے کہہ دیجئے کہ) جب تم عورتوں کو طلاق دینے لگو تو ان کی عدت سے پہلے طلاق دو اور عدت کا شمار رکھو اور اللہ سے ڈرتے رہو، جو تمہارا پروردگار ہے۔ تم ان عورتوں کو ان کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ وہ خود نکلیں، ہاں اگر وہ صریح بے حیائی کریں (تو ان کو نکال دو)۔ اور یہ اللہ کی حدود ہیں اور جس نے اللہ کی حدود سے تجاوز کیا اس نے اپنے اوپر ظلم کیا۔ آپ کو کیا معلوم شاید اس (طلاق) کے بعد اللہ کوئی نئی بات پیدا کردے"۔ وہ اگر طلاق کے اس طریقہ پر عمل کرتے تو خودکشی کی نوبت نہ آتی۔

عدالت سے رجوع کرکے پہلے نکیتا نے ایک اور پھر تین کروڑ کی رقم طلب کیا۔ چار سال میں چالیس مرتبہ اتل کو بنگلورو سے جونپور کا عدالتی سفر کروایا۔ نکیتا اور اس کی ماں اتل کو خودکشی کا تانہ مارنے لگیں۔ عدالت کی جج ریتا کوشک نے نان نفقہ کم کرانے کے لیے پانچ لاکھ کی رشوت مانگی جبکہ طلاق کے تفصیلی احکامات کے آخر میں ارشادِ قرآنی ہے: "اور جب تم عورتوں کو طلاق دے دو اور وہ اپنی عدت پوری کرنے کو ہوں تو ان کو یا تو دستور کے موافق رکھ لو یا اچھے طریقے سے چھوڑ دو، اور ان کو ستانے کے لئے نہ روکے رکھو تاکہ ان پر زیادتی کرو اور جس نے ایسا کیا اس نے اپنے اوپر ظلم کیا۔ اور اللہ تعالیٰ کے احکام سے مسخرہ پن نہ کرو اور تم پر اللہ تعالیٰ کی جو نعمتیں ہیں ان کو یاد کرو اور (یہ احسان بھی یاد کرو) کہ اس نے تم پر کتاب وحکمت نازل کی اور وہ تمہیں اس کے ذریعہ نصیحت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز سے واقف ہے"۔

اتل اور نکیتا کے درمیان بیٹے کے حوالے سے بھی تنازع تھا۔ وہ بیٹے کو باپ سے ملانے کے لیے کئی لاکھ طلب کرتی تھی اور اس کا نان نفقہ بھی اسی ہزار ماہانہ مانگتی تھی جبکہ اس بارے میں قرآنی احکامات ہیں: "اور ماؤں کو چاہیئے کہ وہ اپنے بچوں کو پورے دو سال تک دودھ پلائیں اور جو شخص اپنے بچے کو (تین طلاق کے بعد بھی) اسی عورت سے پوری مدت تک دودھ پلوانا چاہے تو اس پر دودھ پلانے والیوں کا کھانا اور کپڑا دستور کے مطابق لازم ہے، کسی کو اس کی گنجائش (برداشت) سے زیادہ تکلیف نہ دی جائے، نہ تو ماں ہی کو اس کے بچے کی وجہ سے ضرر دیا جائے اور نہ باپ ہی کو اس کی اولاد کی وجہ سے، اور وارثوں پر بھی یہی لازم ہے، پھر اگر وہ دونوں اپنی رضامندی اور مشورہ سے (اس مدت سے پہلے) دودھ چھڑانا چاہیں تو ان پر کچھ گناہ نہیں اور تم اپنے بچوں کو کسی اور سے دودھ پلوانا چاہو تو اس میں بھی تم پر کچھ گناہ نہیں بشرطیکہ تم نے جو کچھ ان کو دینا طے کیا ہے، اس کو دستور کے مطابق دے دو، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، اور جان لو کہ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو خوب دیکھتا ہے"۔ دینِ اسلام کی یہ تعلیمات تقاضائے فطرت ہیں اور عائلی مسائل کو حل ہوکر دیتے ہیں۔ ان سے روگردانی کرنے والے اتل اور نکیتا جیسے مصائب کا شکار ہوجاتے ہیں۔ ان میں سے ایک جان سے جاتا ہے اور دوسرا جیل کی ہوا کھاتا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے اسلام کے نظامِ رحمت پر عمل کرکے اس سے ساری دنیا کو روشناس کرایا جائے۔

## زیاراتِ مشہد و قم



سید اقبال رضوی شارب

قصد رکھتا ہوں کہ مشہد میں گزاروں کچھ دن
بس وہیں بیٹھ کے روضے کو نہاروں کچھ دن
جوتیاں سیدھی کروں آپ کے زوّاروں کی
اور پھر فرش بھی روضے کا بُہاروں کچھ دن
جس جگہ سوتا ہے توحید کا بے مثل شہید
میں وہاں سے بھی تو خالق کو پکاروں کچھ دن
ہوں گنہگار بہت زادِ سفر کچھ بھی نہیں
انکی نصرت سے میں قسمت کو سنواروں کچھ دن
عاقبت بھولا رہا دہر کو سب کچھ جانا
منفی سوچوں کی روش اپنی سُدھاروں کچھ دن
بھائی بہنوں کی محبّت کا تقدّس کیا ہے
قم کی دہلیز پہ سوچوں میں اتاروں کچھ دن
احتساب اپنا کروں قم کی فضا میں شارب
اور تعمیری جبلّت کو ابھاروں کچھ دن
☆☆☆☆

# خدا صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

ڈاکٹر شجاعت حسین

اگر انسان قرآن کریم کی 114 سورے کی تلاوت کرے، غور وفکر، تدبر وتفکر سے ترجمہ وتفاسیر کا مطالعہ کرے تو 6666 آیات میں کسی مقام پر خدا یہ نہیں فرما رہا ہے کہ وہ نمازی، روزہ دار، حاجی، حافظ، قاضی، قاری، عالم، ذاکر، شاعر، مصنف، صحافی، پروفیسر یا عابد کے ساتھ ہے۔ بے شک ارشاد باری تعالیٰ ہو رہا ہے "واصبروا ان اللہ مع الصبرین" میں صبر کرنے والوں کے ساتھ ہوں۔ (سورہ انفال، آیت مبارکہ نمبر 46)

مندرجہ بالا آیت کے علاوہ معروف سورہ الفجر کی آیات نمبر 27-30) کے ترجمے کو پڑھیں "اے نفس مطمئن اپنے رب کی طرف اس حال میں چل کہ تو خوش ہو اور پسندیدہ قرار پائے۔ پس! میرے بندوں میں شامل ہو جا۔ اور میری جنت میں چلا جا۔" اس آیات کا حقیقی وعملی نمونہ 10 محرم الحرام، 61 ہجری میدان کربلا ہے جہاں نواسہ رسول سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام تین دن کے بھوکے پیاسے، 71 لاشے اٹھائے، یزید ابن معاویہ لعنت اللہ کا لشکر گلے پر کند خنجر چلا رہا ہے اور حسین علیہ السلام سجدے میں صبر وشکر بجالانے ہیں۔

صبر کے معنی ہیں کسی خوشی، مصیبت، غم اور پریشانی وغیرہ کے وقت میں خود کو قابو میں رکھنا اور خلاف شریعت کاموں سے بچنا۔ لفظ "صبر" کے لغوی معنی رکنے، ٹھہرنے، یا باز رہنے کے ہیں اور نفس کو اس چیز پر روکنا (یعنی ڈٹ جانا) جس پر رکنے (ڈٹے رہنے کا) کا عقل اور شریعت تقاضا کر رہی ہو یا نفس کو اس چیز سے باز رکھنا جس سے رکنے کا عقل اور شریعت تقاضا کر رہی ہو صبر کہلاتا ہے۔

عربی لغت میں صبر کا معنی برداشت سے کام لینے، خود کو کسی بات سے روکنے اور باز رکھنے کے ہیں۔ اصطلاح شریعت میں صبر کا مفہوم یہ ہے کہ نفسانی خواہشات کو عقل پر غالب نہ آنے دیا جائے اور شرعی حدود سے تجاوز نہ کیا جائے۔ صبر کے عمل میں ارادے کی مضبوطی اور عزم کی پختگی ضروری ہے۔

صبر کا مقام بہت بلند ہے اور اس پر عمل کرنے والوں کے لیے عظیم اجر کا وعدہ کیا ہے اور عہدہ ومنصب سے بھی نوازا ہے۔ اللہ عزوجل قرآن مجید فرقان حمید میں ارشاد فرماتا ہے واصبروا ان اللہ مع الصبرین (سورۃ انفال، آیت مبارکہ نمبر 46)" اور صبر کرو بیشک صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔" پروردگار سورۃ العنکبوت کی آیات مبارکہ نمبر 58-57 صبر کرنے والوں سے وعدہ کر رہا ہے "جن لوگوں نے صبر کیا ہے انھیں ہم جنت کے جھروکوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ ہمیشہ انھیں میں رہیں گے کہ یہ ان عمل کرنے والوں کا بہترین اجر ہے۔" سورۃ لقمان کی آیت نمبر 17 میں صابروں کی تعریف کرتے ہوئے رب ذوالجلال فرماتا ہے "صبر کرو کہ یہ بہت بڑی ہمت کا کام ہے۔" سورۃ السجدہ، آیت نمبر 24 کی تلاوت کریں تو مشاہدہ کرتے ہیں "انھوں (انبیاء) نے صبر کیا ہے تو خدا نے ان میں سے کچھ لوگوں کو امام اور پیشوا قرار دیا ہے۔" سورۃ العصر میں نورالسموات والارض میں زمانہ کی قسم کھا کر فرما رہا ہے کہ وہ روابط و تعلقات خسارہ کی بنیاد ہیں جن کی اساس صبر وحق کی وصیت ونصیحت پر قائم نہیں ہے۔

پاک رب العزت نے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو رسول بنا کر بھیجا اور صبر و مدارات کرنے کا حکم دیا۔ پس رسول اللہ نے صبر کیا۔ دشمنان اسلام نے آپ کو عیب لگائے۔ دل تنگ ہوئے تو خدائے بزرگ نے یہ آیت نازل کی، ہم جانتے ہیں کہ لوگوں کا کہنا آپ کا دل تنگ بناتا ہے، اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرو سجدہ کرنے والوں میں بنو۔ رسول کو پھر جھٹلایا اور تہمت تراشی کی، حضرت غمگین ہوئے تو خالق کائنات نے آیت نازل کی، ہم جانتے ہیں اے حبیب کبریا ہم جانتے ہیں کہ لوگوں کا کہنا میرے محبوب کو رنجیدہ کرتا ہے لیکن اس تکذیب پر انھوں نے صبر کیا۔ ہماری نصرت ان کے پاس آئی، پس رسول اللہ نے صبر کو اپنے اوپر لازم قرار دیا۔

کوئی مصیبت آتی ہے تو اس پر صبر کرنا چاہیے۔ اگر مصائب ہجوم کرتے ہیں تو اس پر بھی اس کا دل شکستہ نہیں ہوتا۔ قصص الانبیاء کرام کی حیات طیبہ ہمارے سامنے ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو غلام بننے سے حیرت پسندی سے نہیں روکا وہ مغلوب ہوئے، قید کئے گئے لیکن وہ اپنے موقف سے نہ ہٹے، قدم میں جنبش تک نہ آئی یعنی ثابت قدم رہے۔ کنوئیں کی تاریکی ووحشت نے انھیں افسردہ ومایوس نہ کر سکا یہاں تک کہ پاک پروردگار نے ان پر احسان کیا اور نافرمان و سرکش کو ان کا غلام بنا دیا جو پہلے ان کا مالک تھا۔ رب العالمین نے ان کو اپنا رسول بنا دیا۔ اس طرح صبر کے بعد بہتری، انعام، اعجاز، اکرام وافتخار نصیب ہوئی۔ لہٰذا ہمہ وقت صبر کرنا چاہیے۔ جو اپنے نفس کے لیے صبر کو لازم قرار دے وہ خدا سے اجر پائے گا۔

ابو عبداللہ علیہ السلام نے فرمایا "جب مومن قبر میں داخل ہوتا ہے تو نماز اس کے داہنی طرف ہوتی ہے اور زکات بائیں جانب اور نیکی اس پر سایہ کئے ہوتی ہے اور صبر گوشہ گیر ہوتا ہے جب منکر ونکیر آتے ہیں اور سوال کرتے ہیں تو صبر نماز، زکات ونیکی سے کہتا ہے اگر تم اس کو نجات نہیں دلا سکتے تو ہٹ جاؤ میں اس کے لیے کافی ہوں۔ (حضرت ثقتہ الاسلام علامہ فہامہ مولانا الشیخ بن محمد یعقوب کلینی علیہ الرحمۃ، اصول کافی، جلد 3، صفحہ 339-338)

رحمت العالمین نے فرمایا: صبر کی تین صورتیں ہیں۔ مصیبت پر صبر، اطاعت پر صبر اور معصیت پر صبر۔ جس نے مصیبت پر مکمل صبر کیا، اللہ اس کے تین سو درجے معین کرتا ہے جس کے ایک درجے کو دوسرے سے اتنا ہی فاصلہ ہے جتنا آسمان وزمین کے درمیان ہے اور جس نے اطاعت پر صبر کیا، خدا اس کے لیے چھ سو درجے ایسے لکھتا ہے جس کے درجے کو دوسرے سے اتنا ہی فاصلہ ہے جتنا زمین کے آخری حصہ کو عرش سے ہے۔ جس نے معصیت پر صبر کیا اس کے لئے نو سو درجے ایسے لکھتا ہے جن میں ایک فاصلہ دوسرے سے اتنا ہے جتنا آخر حصہ زمین سے انتہائے عرش تک ہے۔

امام محمد باقر علیہ السلام نے ابو عبداللہ سے فرمایا جس نے مصائب زمانہ پر صبر نہ کیا زمانہ اسے عاجز کردے گا۔ ابوحمزہ سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ نے فرمایا جو مومن کسی مصیبت میں مبتلا ہو اور اس پر صبر کرے تو اس کو ہزار شہید کا ثواب ملتا ہے۔

واقعہ کربلا کے چشم دید گواہ، حضرت زین العابدین کے لخت جگر، امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ میرے پدر بزرگوار حضرت علی بن الحسین کے رخصت وقت شہادت مجھے اپنے سینے سے لگا کر تلقین کی، بیٹا میں تم کو وصیت کرتا ہوں جو مجھے وصیت میرے بابا نے مجھ سے کی ہے کہ بیٹا امر حق میں صبر کرنا اگر وہ کتنا ہی تلخ ہو۔

صبر جمیل کیا ہے؟ اس کی وضاحت بہرحال قارئین کرام کے لیے تحریر کرنا ضروری ہے۔ صبر جمیل یعنی سب سے بہترین صبر یہ ہے کہ مصیبت میں مبتلا شخص کو کوئی نہ پہچان سکے، اس کی پیشانی کسی پر ظاہر نہ ہو۔ امام محمد باقر علیہ السلام نے جابر ابن عبداللہ کو بتایا کہ صبر جمیل وہ ہے جس میں لوگوں کی طرف شکایت نہ ہو۔ (اصول کافی، جلد 3، باب الصبر)

کیا راقم الحروف لکھ دے کہ شیعہ زیادہ صبر کرنے والے ہیں تو ممکن کر شاید ہی کوئی اس بات پر یقین کرے۔ لیکن پڑھ کر یقین کامل ہونا چاہیے چاہے وہ عمل میں نہ ہوں۔ ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا "ہم صبر کرنے والے ہیں اور ہمارے شیعہ ہم سے زیادہ صبر کرنے والے ہیں۔ میں نے کہا، میں آپ پر فدا ہوں، شیعہ آپ سے زیادہ صابر کیسے ہوگئے۔ فرمایا ہم صبر کرتے ہیں اس صورت میں کہ حقیقت امر جانتے ہیں اور شیعہ صبر کرتے ہیں باوجود لاعلمی کے۔ (اصول کافی، جلد 3، صفحہ 344)

سید الشہداء اور شریکت الحسین صبر کے جوہر دکھا گئے۔ اے حسین تو نے لاشۂ اکبر اٹھایا صبر کیا، ششماہ لعل کو خود دفن کیا صبر کیا، عباس باوفا کے لاش کے ٹکڑے چنے صبر کیا، شیر خدا کی بیٹی زینبؑ نے بھائی حلقوم پر چھری چلتے دیکھا صبر کیا، شام غریباں دیکھی صبر کیا، بازار شام میں بے ردا گھمایا گیا صبر کیا گویا صبر کو صبر بخشی!

آج بھی پوری دنیا مشاہدہ کر رہی ہے کہ رہبر معظم اسلامی جمہوریہ ایران آیت اللہ سید علی خامنہ ای حفظہ اللہ تمام طرح معاشی پابندیاں اور جنگ اور ان سب میں نام نہاد مسلم عرب حکمران بھی ملوث ہیں لیکن واہ ان کے صبر واستقامت کی جتنی بھی تعریف کی جائے وہ کم۔ آپ لوگوں نے دیکھا طوفان الاقصیٰ میں کامیابی، کامرانی، شہرت اور مقبولیت سے مسلم حکمران نام نہاد خلیفہ طیب اردوغان وغیرہ بغض وحسد میں صیہونیوں کو بنو امیہ اور بنو عباسیہ کی دارالحکومت، شام سوتحفہ میں پیش کردیا۔ تمام اہلسنت والجماعت شرمندہ ہیں۔ اے پروردگار! ہم لوگوں کو سید الشہداء اور زینب (س) کے صدقے میں صابر بنادے اور ہم لوگ صبر کے نمونہ قرار پائیں اور پروردگار تیرا ساتھ نصیب ہو!

علی گڑھ، موبائل 7060888223

# شیطانی چالوں کے خلاف نسلوں کی حفاظت کا منصوبہ

مَسْعُود مَحْبُوب خان (ممبئی)

آج کے دور میں، خاندان جو معاشرتی تربیت کا سب سے بنیادی اور مضبوط ادارہ ہوا کرتا تھا، اپنی اصل ذمہ داریوں سے غافل نظر آتا ہے۔ گھریلو سیاست، حسد، اور دوسروں کو نیچا دکھانے کی کوشش نے نہ صرف بڑوں کے درمیان فاصلے پیدا کیے ہیں بلکہ بچوں کی تربیت اور ان کی شخصیت سازی پر بھی گہرے منفی اثرات ڈالے ہیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے والدین اور بڑوں کو نہ صرف نسلوں کی پرورش بلکہ ان کی روحانی، اخلاقی، اور فکری تربیت کا ذمہ دار بنایا ہے۔ اگر انسان اپنی اس ذمہ داری سے غافل ہو جائے تو وہ اس عظیم امانت کو کھونے کے مترادف ہے جو اسے ودیعت کی گئی ہے۔ محبت اور ضروریات کی تکمیل تو جانور بھی کرتے ہیں، لیکن انسان کو جو امتیاز بخشا گیا ہے، وہ اپنی اولاد کو بلند اخلاق اور عظیم مقاصد کے لئے تیار کرنے میں مضمر ہے۔

گھریلو سیاست اور منفی رویے نہ صرف بچوں کے اخلاق پر اثر انداز ہوتے ہیں بلکہ ان کی خداداد صلاحیتوں کو بھی ماند کر دیتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ والدین اور بڑوں کو اپنے رویوں میں حکمت، برداشت، اور انصاف کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ حسن سلوک اور حکمت کے امتزاج سے ہی وہ اپنے گھروں کو سکون ومحبت کی آماجگاہ بنا سکتے ہیں اور نسل نو کو اعلیٰ اخلاق اور اعلیٰ مقصد کے ساتھ پروان چڑھا سکتے ہیں۔ یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ جو ماحول ہم اپنے گھروں میں تخلیق کرتے ہیں، وہی بچوں کی شخصیت کا آئینہ بنتا ہے۔ اگر ہم گھروں کو امن، محبت، اور حکمت سے معمور کریں گے، تو نسل نو خود بخود ایک مضبوط، باشعور، اور بلند کردار امت بن کر ابھرے گی۔

مائیں جو نسلوں کی پاکیزگی، تربیت، اور کردار سازی کی اصل بنیاد ہیں، اگر خاندانی سیاست اور اعصابی جنگ میں الجھ جائیں تو نہ صرف ان کی اپنی ذات متاثر ہوتی ہے بلکہ ان کے بچوں کی شخصیت، تربیت، اور مستقبل بھی خطرے میں پڑ جاتا ہے۔ گھریلو سیاست اور بے جا مداخلت کا سب سے بڑا نقصان یہ ہوتا ہے کہ والدین اپنی اصل ذمہ داری، یعنی تربیتِ اولاد، سے غافل ہو جاتے ہیں۔ میاں اور بیوی کی نجی زندگی میں مداخلت، زوجین کے درمیان جھگڑے، یا ان کے مابین عدم اعتماد کا ماحول بچوں کے ذہن پر ان مٹ نقوش چھوڑتا ہے۔ یہ سب عوامل بچوں کی معصومیت، خداداد صلاحیتوں، اور اخلاقی نشوونما کو بری طرح متاثر کرتے ہیں۔

اسلامی تعلیمات ہمیں بارہا یہ درس دیتی ہیں کہ اولاد اللہ کی امانت ہے اور ان کی تربیت ہماری اوّلین ذمہ داری ہے۔ بچوں کو صرف مادیت کی دوڑ میں شامل کرنا، انہیں صرف دنیاوی کامیابیوں کے پیچھے بھگانا، اور ان کی روحانی، اخلاقی، اور فکری ضروریات کو نظر انداز کرنا اس امانت میں خیانت کے مترادف ہے۔ والدین اور بڑوں کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ بچے صرف ہمارا ذاتی سرمایہ نہیں ہیں، بلکہ وہ ملت کا مستقبل، امت کا اثاثہ، اور ہماری جنت یا جہنم کا ذریعہ بھی ہیں۔

اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے آئینے کا عکس خوبصورت ہو، ہماری آزمائش کامیابی میں بدل جائے، اور ہمارے اثاثے کی حفاظت ہو، تو ضروری ہے کہ ہم اپنی گھریلو سیاست اور ذاتی تنازعات کو ختم کریں اور اپنی توجہ بچوں کی تربیت پر مرکوز کریں۔ انہیں نہ صرف دنیاوی تعلیم میں ممتاز بنائیں بلکہ ان کے اندر ایک مضبوط، اخلاقی، اور روحانی بنیاد بھی پیدا کریں۔ معاشرے کی تشکیل گھروں سے ہوتی ہے، اور گھروں کی بنیاد والدین کے رویوں پر ہے۔ اگر ہم بچوں کو مادی دوڑ سے نکال کر ان کے مقصدِ حیات سے آشنا کریں، انہیں دین اور دنیا دونوں میں رہنمائی فراہم کریں، اور ان کے لیے محبت، حکمت، اور عدل وانصاف کا ماحول پیدا کریں تو یقیناً ہم ایک مضبوط، مہذب، اور باوقار نسل تیار کر سکتے ہیں، جو ملت اور انسانیت کے لئے باعثِ فخر ہو۔

والدین کے لئے آج کا زمانہ ایک ایسا میدان جنگ بن چکا ہے جہاں چاروں طرف فتنے، گمراہی، اور بے راہ روی کے ہتھیاروں سے ان کی نسلوں پر حملے کیے جارہے ہیں۔ یہ شیطانی چالیں والدین کو نہ صرف اخلاقی، بلکہ فکری اور روحانی طور پر بھی کمزور کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ اگر آپ خود مختار والدین ہیں اور خاندانی دباؤ سے آزاد ہو کر اپنی نسل کی تربیت کے فیصلے کر سکتے ہیں، تو یہ ایک بڑی نعمت ہے، لیکن یہ نعمت اس وقت ہی کارآمد ہو سکتی ہے جب آپ اپنے مورچے مضبوط کریں، اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں، اور اپنے بچوں کی تربیت کو ایک مشن سمجھ کر انجام دیں۔ خودمختاری کے باوجود والدین کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ شیطان نہایت باریک بینی سے بچوں کی سوچوں، عادات، اور رویوں پر اثر ڈالنے کی کوشش کرتا ہے، چاہے وہ میڈیا، سوشل نیٹ ورکنگ، یا دیگر فتنہ انگیز ذرائع ہوں۔

دوسری جانب اگر والدین خاندانی دباؤ یا بیرونی مداخلت کے باعث اپنی ذمہ داری پوری طرح ادا نہیں کر پا رہے تو یہ نہایت خطرناک صورتِ حال ہے۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ ہم اپنے بچوں کے لیے اللہ کے سامنے جواب دہ ہیں۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے: "تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔" اس حدیث کے تحت والدین پر لازم ہے کہ وہ اپنی اولاد کی دینی اور دنیاوی تربیت کو اپنی اولین ترجیح بنائیں، چاہے اس کے لئے انہیں کسی بھی دباؤ یا مزاحمت کا سامنا کرنا پڑے۔

شیطان کی چالوں کا مقابلہ صرف اسی وقت ممکن ہے جب والدین خود مضبوط ہوں، دین کی گہرائی کو سمجھیں، بچوں کو فتنے کے مختلف مظاہر سے آگاہ کریں، اور ان کے دلوں میں اللہ کی محبت اور تقویٰ پیدا کریں۔ انہیں سکھائیں کہ زندگی کا اصل مقصد دنیاوی کامیابیاں نہیں بلکہ اللہ کی رضا اور آخرت کی کامیابی ہے۔ والدین کو اپنی حکمت، بصیرت، اور دعاؤں کے ذریعے ایک ایسا ماحول پیدا کرنا ہوگا جہاں بچے نہ صرف محفوظ رہیں بلکہ اخلاق، دین، اور انسانیت کے بہترین نمونے بن کر ابھریں۔ یہ آسان نہیں، لیکن اگر نیت خالص اور جدوجہد مسلسل ہو تو یقیناً اللہ کی مدد شامل حال ہوگی۔



حضرت آسیہ کا کردار ان تمام والدین اور گھرانوں کے لئے مشعل راہ ہے جو موجودہ چیلنجز کے سامنے خود کو بے بس اور مجبور سمجھتے ہیں۔ فرعون کے محل جیسے جبر واستبداد کے ماحول میں رہتے ہوئے، حضرت آسیہ کا نہ صرف حق کے ساتھ کھڑا ہونا بلکہ موسیٰ علیہ السلام جیسے نبی کی پرورش اور پشت پناہی کرنا، اس بات کی دلیل ہے کہ کوئی بھی ماحول یا دباؤ ایک صاحبِ ایمان انسان کو اپنی ذمہ داریوں سے روگردانی کا جواز فراہم نہیں کرسکتا۔

آج کے مسلمان گھرانوں کو اس بات کو سمجھنا ہوگا کہ اگر فرعون کے محل میں ایمان، حکمت، اور جرات کے ذریعے ایک انقلاب برپا ہوسکتا ہے تو وہ اپنے گھروں میں کیوں نہیں؟ بزرگوں کو، جو نسلوں کی تربیت کی اہمیت کو سمجھتے ہیں، بہترین داعی کا کردار ادا کرنا چاہئے۔ ان کی نصیحتیں، تجربات، اور حکمت گھر کے ماحول کو مثبت بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ لیکن یہ نصیحت زبردستی یا تنقید کی شکل میں نہیں، بلکہ محبت، حکمت، اور نرمی کے ساتھ کی جانی چاہئے تاکہ اولاد اور خاندان کے دیگر افراد اسے قبول کریں۔

جہاں والدین اپنی ذمہ داریوں کو سمجھتے ہیں لیکن گھریلو سیاست یا نظریاتی اختلاف کی بناء پر دباؤ کا شکار ہیں، انہیں صبر، حکمت، اور مسلسل دعاؤں کے ساتھ اپنے حالات کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے: "اِن اللّٰہ مع الصابرین" (بے شک، اللّٰہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے)۔ والدین کو اپنے بچوں کی تربیت کے لئے ہر ممکن راستہ نکالنا ہوگا، چاہے اس کے لئے انہیں اپنے رویے میں تبدیلی لانی پڑے یا نئے طریقے اپنانے پڑیں۔

بہترین حکمتِ عملی یہ ہے کہ والدین اپنے عمل سے مثال بنیں، بچوں کے ساتھ دوستانہ تعلقات استوار کریں، اور انہیں دین کی تعلیم محبت اور سمجھ بوجھ کے ساتھ دیں، نہ کہ جبر یا سختی سے۔ اختلافات کے باوجود، اپنے مقصد پر ثابت قدم رہتے ہوئے حکمت عملی اختیار کریں۔ اگر نیت خالص ہو اور جدوجہد جاری رہے، تو اللّٰہ کی مدد شامل حال ہوگی اور مشکل حالات میں بھی مثبت تبدیلی ممکن ہوسکتی ہے۔ مسلمان والدین کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ ان کی تربیت صرف ایک خاندان کی اصلاح نہیں بلکہ پوری اُمت کے مستقبل کی تعمیر ہے۔ ان کا ہر قدم ایک انقلاب کا پیش خیمہ ہوسکتا ہے، جیسے حضرت آسیہ کا کردار، جس نے تاریخ بدل دی۔

حقیقت یہ ہے کہ وہ گھرانے واقعی خوش نصیب ہیں جہاں تمام افراد ایک ہی نظریے پر متفق ہوں، اور والدین کو بچوں کی تربیت کے لیے ایک سازگار ماحول میسر ہو۔ ایسے گھرانے نہ صرف خود سکون میں رہتے ہیں بلکہ اپنے بچوں کو بھی ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں جو انہیں دنیا اور آخرت کی کامیابی کی طرف لے جاتی ہے۔ تاہم، جو لوگ ایسے سازگار حالات میں نہیں ہیں، ان کے لئے بھی یہ بات اہم ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو پہچانیں اور اس کے مطابق عمل کریں۔ والدین، بزرگ، اور دیگر اہل خانہ کو یہ بات سمجھنی ہوگی کہ وہ نسلوں کی تربیت کے محافظ ہیں، اور ان کی ہر کوتاہی کا محاسبہ ہوگا۔ یہ ایک عظیم امانت ہے، جس کے لئے صرف شعور کافی نہیں بلکہ عمل بھی لازم ہے۔

قرآن مجید ہمیں بارہا یاد دلاتا ہے کہ ہم سب اپنی رعیت کے لئے جواب دہ ہیں۔ والدین کا فرض ہے کہ وہ نہ صرف بچوں کے کردار واخلاق کو محفوظ کریں بلکہ ان کے دلوں میں اللّٰہ کی محبت، تقویٰ، اور دنیا کے فتنوں کے خلاف مزاحمت پیدا کریں۔ یہ وقت عمل کا ہے، اپنی اولاد کے لئے، اپنے خاندان کے لئے، اور امت کے مستقبل کے لئے۔ اللّٰہ ہم سب کو اس عظیم فریضے کو سمجھنے اور اس پر پورا اترنے کی توفیق دے۔ آمین۔

